یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالیہ پرچہ کھولئے

04. 04. 2024

Tear here

Question Paper Serial No.

CCE RR/PR/NSR/NSPR(B)/777/3046

**ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 1**

**MARCH/APRIL 2024 EXAMINATION-1**

**B**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**
**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

# Subject : Third Language — URDU

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2024 ] [ Date : 04. 04. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

URDU

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8**

1. جس نظم میں حضورِ اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی گئی ہو۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) رُباعی

2. ''شیخ ہر ایک فن میں ماہر تھے'' اس جملے میں حروفِ تخصیص یہ ہے۔

(A) میں (B) ہر

(C) ایک (D) تھے

3. مضمون کا آخری حصّہ کہلاتا ہے۔

(A) تمہید (B) نفسِ مضمون

(C) اختتام (D) موضوع

4. غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے۔

(A) مطلع (B) مقطع

(C) حسنِ مطلع (D) بیت الغزل

5. ''فیضان اچھا لڑکا ہے'' اس جملہ میں مسند الیہ کی نشاندہی کریں۔

(A) فیضان (B) لڑکا

(C) اچھا (D) ہے

6. چار مصرعوں پر مشتمل ہونے والی نظم کہلاتی ہے۔

(A) مسدس (B) رُباعی

(C) غزل (D) مرثیہ

7. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔

(A) وصل (B) تردید

(C) حروفِ عطف (D) حروفِ ربط

8. محاورہ ''سڑکیں ناپنا'' کا مطلب ہے۔

(A) بے وجہ سڑکوں پر پھرنا (B) سڑکوں پر آرام کرنا

(C) سڑکوں پر چلنا (D) سڑکوں کو کاٹنا

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 x 1 = 4

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 9. | ظاہر | : | باطن | :: | بے کار | : ......... |
| 10. | انتخاب | : | انتخابات | :: | منظر | : ......... |
| 11. | استعداد | : | قابلیت | :: | ذہانت | : ......... |
| 12. | روشنی | : | مونث | :: | خزانہ | : ......... |

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. دھوبی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا ؟

14. مصنّف کو جاپان کس لئے بھیجا گیا ؟

15. شفیع الامم سے کون مراد ہیں ؟

16. اکبر الہ آبادی کو کس بات کا جنون نہ رہا ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. ملّا نصیر الدین اپنے عالم دوست کو کس طرح ''بے وقوف گدھا'' قرار دیا ؟

18. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

19. سر ایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟

20. جاپان جانے کے لئے مصنّف نے پان امریکی طیارہ کا انتخاب کیوں کیا ؟

21. محمد علی جوہر کے والدین کا نام کیا تھا ؟

22. سلیمان خطیب کی تعلیم کہاں کہاں ہوئی ؟

23. حضرت عائشہؓ کا حُجرہ کیسا تھا ؟

24. شاعر سیّد احمد شاکر نے گلی کوچوں میں صبح و شام کونسا منظر دیکھا ہے ؟

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیئے : 9 x 3 = 27

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

26. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

27. ''مگران کی اسکوٹر چلتی نہیں بلکہ رینگتی ہے۔''

28. **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :**

(i) ایم قادر علی خاں (ii) کرشن چندؔر

29. **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:**

(i) مولانا ابوالبیان حمادؔ (ii) مرزا غالبؔ

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :**

30. تماشائے دیر وحرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

31. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر
آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا

32. رہا تُوتو اکثر الم ناک میرؔ

تراطور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Tiger is a wild animal. It lives in forest. It is the National animal of India.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے ۔

35. اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے ۔

یا

مصنّف نے ٹوکیو شہر کو کس طرح بیان کیا ہے ؟

درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

36. عبداللہ ایک درزی ملکِ شام میں رہتا تھا بہت سے لوگ اس سے کپڑے سلواتے تھے۔ ان میں ایک نجومی بھی شامل تھا جو بہت چالاک اور دھوکے باز تھا۔ وہ ہمیشہ سلائی کروانے کے بعد ان کو کھوٹا سکہ دے جاتا اور تعجب کی بات ہے کہ عبداللہ پہچان کے باوجود سکہ رکھ لیتا تھا۔ ایک دن ایسا ہوا کہ وہ دکان پر نہیں تھا ان کا ملازم تھا وہ نجومی آیا اور اس نے سلائی کے پیسوں میں کھوٹا سکہ دیا جو کہ ملازم پہچان کر واپس کر دیا۔ عبداللہ کے آنے پر ان کے ملازم نے سارا ماجرا سنایا۔ عبداللہ کہتا ہے کہ تم سکہ کیوں انکار کیا میں اس طرح کے سکے لیتا ہوں اور کوئیں میں پھینک دیتا ہوں تاکہ اس طرح دھوکہ کا سلسلہ یہاں ہی ختم ہو جائے اور کسی دوسروں کو نقصان نہ ہو۔

سوالات :

(i) عبداللہ کہاں رہتا تھا ؟

(ii) عبداللہ کیا کام کرتا تھا ؟

(iii) نجومی کا عبداللہ کے ساتھ کیا معمول تھا ؟

(iv) عبداللہ کی غیر موجودگی میں ملازم کے ساتھ کیا ہوا ؟

**درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :**

37. (i) میرا پسندیدہ کھیل

یا

(ii) کمپیوٹر کے فائدے و نقصانات

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں کوئی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹّی طلب کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر کیا گیا ہو۔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE